6 مارچ 2016ء

خیبر پختونخوا میں قرضے میں توسیع — بینکوں اور چیمبرز آف کامرس سے گفتگو

بینک دولت پاکستان نے پیر 7 مارچ 2016ء کو پشاور کے ایک مقامی ہوٹل میں ’خیبر پختونخوا میں قرضے میں توسیع — بینکوں اور چیمبرز آف کامرس سے گفتگو‘ کے عنوان سے بات چیت کے اہم سیشن کا اہتمام کیا ہے۔ اس تقریب میں بینکوں کے صدور، فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور خیبر پختونخوا کے چیمبرز آف کامرس اور کاروباری برادری کے نمائندے اور اسٹیٹ بینک کے سینئر حکام کی شرکت متوقع ہے۔

یاد رہے کہ خیبر پختونخوا صوبے میں امن و امان کی صورتحال کی وجہ سے نجی شعبے کا کاروبار بہت متاثر ہوا ہے۔ آپریشن ضرب عضب کے بعد صورتحال خاصی بہتر ہوئی ہے اور کاروبار معمول کی طرف لوٹ رہا ہے۔ قرضے کی دستیابی کے حوالے سے کاروبار خصوصاً چھوٹے کاروباری اداروں کو تقویت فراہم کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک بات چیت کا یہ سیشن منعقد کررہا ہے۔ بات چیت میں قرضے کی دستیابی اور فراہمی میں درپیش مشکلات کے بارے میں نقطہ ہائے نظر اور اس میں بہتری لانے کے لیے حل پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

***